اپنی شخصیت منوانے کے لئے اتنی مشقت کے بعد میں تھک گئی ہوں میز کے قریب کھڑے رہنے کے شوق میں میں نے کھانا کچھ زیادہ ہی کھا لیا ہے میں میٹھا بہت شوق سے کھاتی ہوں۔ اس خیال سے کہ دوسری بار میٹھا لینا چاہوں تو وہ ختم نہ ہو جائے پہلی ہی بار اتنی پلیٹ بھر لیتی ہوں کہ وہ چھلکنے لگتی ہے۔ اپنے قیمتی لباس کو داغ دھبوں سے بچانے کی کوشش کرتی ہوں تو پاس کھڑے صاحب کا سوٹ گندا ہو جاتا ہے خیر کوئی بات نہیں ان کا ہی نقصان پڑا ہے۔

[illegible] کھانے کے بعد میں تھک گئی [illegible] گھر جانا چاہتی ہوں [illegible] میزبان کو [illegible] خدا حافظ کہوں [illegible] دکھائی نہیں [illegible] پھر یونہی کھسک لیتی ہوں [illegible] مہمانوں کی [illegible] کیا یاد رہے گا [illegible] پارٹی میں [illegible] تھی یا نہیں [illegible] یہ بات [illegible] پہنچ کر یاد آتی کہ چلتے وقت مہمان خصوصی کے آگے سے گزرنا چاہیے تھا تاکہ انہیں بھی معلوم ہوتا کہ میری شخصیت نے انہیں کیسا نیچا دکھایا ہے۔

میری ساری ادائیں محفل میں موجود لوگ [illegible] پہلے ہی بھول چکے ہیں۔ محفل کے مہمان اور میزبان میری غیر موجودگی [illegible] کا ذکر کرتے ہیں [illegible] ہنستے ہیں۔

اگر آپ سنجیدہ مزاج ہیں اور کسی وجہ سے اپنی شخصیت کو دوسروں پر حاوی کرنا نہیں چاہتیں اور نہ یہ چاہتی ہیں کہ محفل کے شرکا پیٹھ پیچھے آپ کا تذکرہ کریں اور ہنسیں تو میرے نقش قدم پر چلنے کی ضرورت نہیں۔

جس پارٹی میں آپ کو مدعو کیا گیا ہے، اس پارٹی کا مہمان خصوصی آپ سے زیادہ اہم ہے اور آپ کے لئے قابل احترام بھی۔ جب میزبان آپ کو مہمان خصوصی سے متعارف کروائے تو آگے بڑھنے سے پہلے چند لمحے مہمان خصوصی سے بات چیت کرنا ضروری ہے۔ بات چیت کے لئے آپ کوئی موضوع لے سکتے ہیں۔ اور کچھ نہیں تو مزاج پرسی ہی سلیقے سے کر لیں۔

محفل میں کچھ مہمان آپ کی آمد سے پہلے آ چکے ہوں گے کچھ آپ کے بعد آنے والے ہیں۔ جوں جوں آپ آگے بڑھتی جائیں پاس کھڑے لوگوں سے ملتی جائیں۔ ضروری نہیں کہ محفل میں سبھی آپ کے جاننے والے ہوں۔ اگر گروہ میں صرف خواتین کھڑی ہیں تو اپنا نام بتاتے ہوئے متعارف ہونے کے لئے خود ہاتھ آگے بڑھائیے لیکن اگر گروہ میں مرد موجود ہیں تو ان [illegible] کرنے کا موقع دیجئے ہو سکتا ہے کہ گروہ میں آپ کا کوئی جاننے والا موجود ہو۔ ایسی صورت میں آپ کو متعارف کروانے کی خدمت وہ انجام دے گا اسی طرح اگر آپ کے گروہ میں [illegible] یا مہمان شامل ہو تو آپ ان سے دوسروں سے متعارف کروائیں۔ اگر آپ ان سے نہیں ملاتیں تو اپنا ہاتھ بڑھاتے ہوئے خود تعارف کی ابتدا کریں تاکہ طرح جان پہچان بڑھتی ہے آپس میں ایک دوسرے کو اجنبی نگاہوں سے دیکھنے کی ضرورت نہیں۔

آپ دوسروں کو اہمیت دیجئے وہ اسی وقت پہلے [illegible] اہمیت دیں گے۔ اپنے ساتھ کھڑے ہوئے مہمانوں کی باتیں توجہ سے سنئے اور مناسب جواب دینے کی کوشش کریں کوئی ایسی بات نہ کہیں جس سے کسی کے جذبات کو ٹھیس پہنچی ہو۔

محفلوں میں آپ نے وہ خواتین ضرور دیکھی ہوں گی جو کسی کے گھر مہمان بن کر جاتی ہیں، لیکن وہاں کسی ایسی دوست سے ملاقات ہو جائے جس سے کچھ رنجش ہو تو وہیں میزبان کے سامنے گلے شکوے یہاں تک کہ لڑنا جھگڑنا شروع کر دیتی ہیں میزبان بے چاری ایسی صورت میں کبھی ایک کا منہ تکتی ہے اور کبھی دوسرے کا۔ آپ باشعور ہیں۔ خود ہی سوچ سکتی ہیں کہ ایسی حالت میں کون مضحکہ خیز نظر آتا ہے۔

گفتگو میں دلچسپی برقرار رکھنے کے لئے کبھی اسے طول نہ دیں۔ یہ اسی صورت میں ممکن ہے کہ آپ ایک جگہ زیادہ دیر نہ ٹھہریں۔ بلکہ معذرت کرتے ہوئے نئے لوگوں سے ملنے ملانے کے لئے آگے بڑھ جائیں۔

آئیے آج ہم آپ کو ایک ایسی خاتون سے ملاتے ہیں جو محفل میں منہ پھلائے کتنی دیر سے خاموش بیٹھی ہیں۔ ایک خوش طبع خاتون روٹھی ہوئی بی بی کو بات چیت میں شریک کرنے کے لئے کہتی ہیں: "آپ بھی اپنی رائے کا اظہار کیجئے کتنی دیر سے چپ بیٹھی ہیں۔"

ناراض دکھائی دینے والی صاحبہ ترنا بول اٹھتی ہیں "میں زیادہ باتیں نہیں کرتی کیونکہ میں دنگوں سے کھیلتی ہوں۔"

خوش طبع خاتون دوسری طرف بیٹھی ہوئی ایک صاحبہ کے ساتھ باتوں میں مشغول ہو جاتی ہیں اور دنگوں سے کھیلنے والی بی بی پھر اونگھنے لگتی ہیں۔ اے معتبر خاتون! کاش پارٹی میں آنے سے قبل تم دو چار کتابیں پڑھ لیتیں۔ اگر اتنی فرصت نہ تھی تو آج کا اخبار ہی اٹھا کر دیکھ لیتیں۔ گفتگو میں شرکت کے لئے کوئی موضوع مل جاتا اور اگر اس لئے تنہا اور چپ بیٹھی ہیں کہ طبیعت خراب ہے تو پارٹی میں شرکت کے بجائے گھر پر آرام کرنا چاہیے تھا۔

اگر جان پہچان بڑھانے کا شوق ہے تو جس خاتون سے آپ محو گفتگو ہیں، اسے بازو سے پکڑ کر گھسیٹتے ہوئے اپنے عزیزوں سے ملانے مت لے جائیے۔ آداب کا تقاضا ہے کہ جن کے ساتھ آپ خاتون کو ملانا چاہتی ہیں، ان کو بلا لیجئے پھر ان کو آپس میں متعارف کروا دیجئے۔ ورنہ سوچ لیجئے یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آپ خاتون سے کہیں کہ چلیے ہم تمہیں اپنے عزیزوں سے ملاتے ہیں اور وہ آگے سے کہہ بیٹھیں کہ تمہیں عزیزوں کو مجھ سے ملانا ہے تو ان کو بلا کر دو۔ میں کیوں ملنے جاؤں۔ مجھے کسی سے ملنے کا شوق نہیں۔

کھانے کی میز کی طرف بڑھنے سے پہلے [illegible] آپ کے امتحان کا وقت ہے بلکہ آپ کے آداب کا جائزہ

[illegible] کے لئے پارٹی کا بہانہ بنایا گیا تھا کتنی ہی بھوک کیوں نہ ہو تاہم آپ بھی جانتی ہیں کہ پیٹ چند لقموں میں بھر جائے گا اور ایک بار پیٹ بھر گیا تو پھر بڑی سے بڑی نعمت اشتہا نہیں جگا سکتی پلیٹ میں کم از کم کھانا نکالیں۔ کم پڑ جائے تو دوبارہ لے سکتی ہیں لیکن یہ منظر کچھ خوشگوار نہیں کہ آپ کھانا شکم سیر ہو کر کھا چکیں۔ اس کے باوجود کھانے کی پلیٹ بھری پڑی ہے ڈھیر سا کھانا پلیٹ میں نکال لیتی ہیں جو کہ پاس سے ہٹ جائیے دوسرے اپنی باری کا انتظار کر رہے ہیں۔ کوئی وجہ نہیں کہ آپ کھانے کی میز پر مورچہ باندھ کر کھڑی رہیں۔ کھانا لینے کے لئے عجلت کی ضرورت نہیں۔ نہ یہ دیر تک چھپانے نہیں چھپتا۔ بھوکا پن اس طرح اپنے محاسن ظاہر کرنے سے بہتر ہے کہ ہفتے میں ایک بار یا اگر استطاعت نہیں رکھتیں تو کم از کم مہینے میں ایک بار اپنے گھر میں اچھا کھانا پکا کر کھا لیں تاکہ دعوتوں میں حرص باقی نہ رہے۔ اپنی پسندیدہ سویٹ ڈش تو آپ پکانا جانتی ہی ہوں گی وہ بھی پکا کر گھر میں کھا لیں۔ اسی لئے کہتے ہیں کہ تقریب میں جانے سے پہلے ایک بار کسی ہوٹل میں جا کر کھانا کھا لینا چاہیے۔

یہ آپ نے کیسے سوچ لیا کہ اتنی بڑی پارٹی میں میزبان آپ کو فراموش کر چکی ہوں گی۔ اس لئے چپکے سے کھسک سکتی ہیں اتنے لوگوں کے ہجوم میں اگر میزبان آپ کو مدعو کرنا بھول بھی جائیں تو یہ بات کیسے بھول سکتی ہیں کہ آپ خدا حافظ کے بغیر چلی گئی تھیں آداب کا تقاضا تو یہ ہے کہ چلنے سے قبل میزبان کو خدا حافظ کہنے سے پہلے ان کے سلیقے اور کھانے کی تعریف ضرور کریں۔ زیادہ بات چیت میں حرج ہی کیا ہو سکتا ہے۔ یہ بات بھی آداب محفل کا ایک حصہ ہے کہ آپ مہمان خصوصی کے رخصت ہونے سے پہلے محفل سے اٹھ کر نہ جائیں۔ لیکن کسی ناگزیر وجہ سے آپ کو جانا ہی پڑے تو مہمان خصوصی سے ملتے ہوئے جائیے اور اپنی مجبوری مناسب لفظوں میں بیان کر دیں۔

اب آپ رات کو اطمینان سے سو سکتی ہیں کیونکہ پیٹھ پیچھے کوئی آپ کی باتیں نہیں کر رہا ہو گا اور نہ آپ کی ادائیں یاد کر کے کسی کو ہنسی چھوٹ رہی ہو گی۔

آداب محفل پر بات چل نکلی ہے تو کچھ ذکر اپنے ہاں کی شادی بیاہ کی محفلوں کا بھی ہونا چاہیے۔ ہم عام طور پر شادی کی محفل کو ہر قسم کے آداب سے مستثنیٰ سمجھتے ہیں۔ شادی بیاہ کے موقع پر آداب کے فقدان کا مظاہرہ عموماً کھانے کے وقت ہی کرتے ہیں کھانے کی میز کے گرد سو تیں جھگڑا لگا کر کھڑی ہو جاتی ہیں، شادی کی دعوتوں میں بچوں کی شرکت اس قدر ضروری سمجھی جاتی ہے کہ مہمان خواتین کا بس چلے تو چند بچے محلے کے بھی اکٹھے کر لائیں۔

کھانے سے فارغ ہو کر مہمان میزبان سے ملے بغیر رخصت ہو جاتے ہیں، حالانکہ چلتے وقت خدا حافظ کہتے ہوئے ایک بار پھر مبارک باد دے دی جائے تو آپ کا قیمتی وقت ضائع نہیں ہو گا۔ آپ کے وقت کا صحیح استعمال یہی ہے۔

ضروری نہیں کہ تمام کوتاہیاں مہمانوں سے ہی ہوں۔ جس طرح آپ مہمان کو بلا کر اسے عزت بخشتی ہیں اسی طرح مہمان آپ کی دعوت قبول کر کے عزت افزائی کرتے ہیں، شادی کی محفل میں یہ دیکھنے میں آتا ہے کہ مہمانوں کو خوش آمدید کہنے کے لئے میزبان کا دور دور تک پتہ نہیں ہوتا۔ سب جانتے ہیں کہ شادی والے دن بہت کام ہوتے ہیں، گھر میں ہنگامہ برپا رہتا ہے لیکن دولہا یا دلہن کی ماں، بہن، بچی، بھائی یا کوئی بھی رشتہ دار باری باری اتنا وقت ضرور نکال سکتی ہیں کہ گیٹ پر کھڑی ہو کر مہمانوں سے اپنا تعارف کرواتے ہوئے ان کو اندر آنے کی دعوت دیں۔ اسی طرح دعوت کے اختتام پر میزبانوں کا دور دور تک کچھ پتہ نہیں ہوتا۔ عام طور پر وہ دولہا دلہن کے ساتھ تصویریں اتروانے میں مشغول ہوتے ہیں اور مہمان اپنا سا منہ لے کر یہ سوچتے ہوئے رخصت ہو جاتے ہیں کہ کس کا شکریہ ادا کریں اور کسے مبارک دیں۔ حالانکہ تصویریں مہمانوں کے رخصت ہو جانے کے بعد بھی بنائی جا سکتی ہیں۔

میک اپ، لباس، بالوں کی بناوٹ اور سجاوٹ اور زیورات اپنی جگہ اہم سہی لیکن آداب محفل سے لاعلمی ان سب پر پانی پھیر دیتی ہے۔

انسانی زندگی خوشی، غم اور حادثات سے عبارت ہے!
مستقبل کے دامن میں کیا ہے؟ اسے دیکھنا ممکن نہیں۔ اس لیئے مستقبل کو
روشن بنانے کے لیئے منصوبہ بندی دانشمندی کی دلیل ہے
معاشی منصوبہ بندی کا بہترین ذریعہ ہے۔
مزید وضاحت کے لیئے مجھے خدمت کا موقع دیجیئے

CHILDREN'S EDUCATION AND MARRIAGE PLAN

INCOME PLANS

MORTGAGE INSURANCE

BUSINESS INSURANCE

OTHER FAMILY

A. QAYYUM FARANI

SunLife OF CANADA

SUN LIFE ASSURANCE COMPANY OF CANADA
200 UNIVERSITY AVENUE
TORONTO, ONT. M5H 3C7

Phone: Off. 364-5141
Res. 261-5891

حضرت امام بخاریؒ کے اہل اسلام پر بڑے احسانات ہیں

ہمیں نئی نسلوں کو بزرگان دین کی خدمات سے پوری طرح آگاہ کرنا چاہیئے؛ حنیف رامے

لاہور — اے پی پی، پنجاب کے وزیر اعلیٰ مسٹر محمد حنیف رامے نے حضرت امام بخاریؒ کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے بتایا ہے کہ انہوں نے رسول اکرمؐ کی تعلیمات اور فرمودات کو بڑی جانفشانی سے مرتب کر کے مسلمانوں کو خدا کے احکامات اور اسلام کے اصولوں پر صحیح طریقے سے عمل پیرا ہونے کے قابل بنایا ... جمعہ کی نماز کے بعد حضرت امام بخاریؒ کی بارہ سو سالہ برسی کے موقع پر ... تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ مسٹر حنیف رامے نے نوجوانوں کو تلقین کی کہ اسلام کے اصولوں پر عمل پیرا ہوں تاکہ قوم کی عظمت رفتہ کا احیاء ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ حضرت امام بخاریؒ کی عظیم خدمات اہل اسلام پر بہت بڑا احسان ہیں۔ انہوں نے تحقیق و جستجو کے بعد حضور اکرمؐ کے فرمودات اور تعلیمات صحیح صورت میں جمع کیں۔ اسلام کی عظیم خدمت کی ہے مسٹر رامے نے کہا کہ امام بخاریؒ نے اسلام کے دشمنوں کی ان تمام کوششوں کو ناکام بنا دیا جو من گھڑت احادیث کو حضور اکرمؐ سے منسوب کر کے اسلام کے ...

... یہ تجویز ہے کہ وہ اپنے عظیم رہنماؤں، محسنین اور علماء کو یاد رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی قوم کی تاریخ درخت کی جڑ کی مانند ہوتی ہے ... انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنے علماء اور رہنماؤں کو یاد رکھنا چاہیئے ... آگاہ کرتے رہنا چاہیئے۔

سعودی عرب میں اسلامی یونیورسٹی کا قیام

جدہ — اے پی پی، سعودی عرب کے شاہ فیصل نے ... اسلامی یونیورسٹی امام محمد بن سعود قائم کرنے کی منظوری دے دی ہے ...

پاکستان اور روس اقتصادی، ثقافتی اور سائنسی شعبوں میں ٹھوس تعاون کریں گے

فریقین کے درمیان رابطہ اور مشاورت کا موجودہ سلسلہ جاری رکھا جائے گا

ماسکو — اے پی پی، وزیر اعظم پاکستان مسٹر ذوالفقار علی بھٹو کے دورہ روس کے اختتام پر جاری ہونے والے مشترکہ اعلامیہ میں یقین ظاہر کیا گیا ہے کہ پاکستان اور بھارت کے مابین تصفیہ طلب مسائل شملہ معاہدہ کے مطابق حل ہو جائیں گے۔ اور اس سے برصغیر میں پائیدار امن کے قیام میں مدد ملے گی۔ پاکستان اور روس نے ... توقع کا اظہار بھی کیا ہے کہ پاکستان اور افغانستان کے باہمی اختلافات بھی پر امن بقائے باہمی کے اصولوں کے مطابق بات چیت کے ذریعے پر امن طریقہ پر ختم کر لیے جائیں گے۔ دونوں ممالک نے تجارت، معیشت، ثقافت اور سائنس کے شعبوں میں مفید باہمی تعاون کے فروغ کی خواہش کا اعادہ کیا اور ایک نیا تجارتی معاہدہ کرنے کا فیصلہ طے پا گیا۔ دونوں ممالک نے اپنے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی ہے کہ وہ اس سلسلے میں تفصیلات طے کر کے معاہدہ پر دستخط کریں۔ فریقین نے اس امر پر اطمینان کا اظہار کیا کہ متعدد اہم بین الاقوامی مسائل پر دونوں ممالک کے خیالات ایک جیسے ہیں یا ان میں ہم آہنگی ہے۔ دونوں ممالک نے اس بات پر اظہار رضامندی کیا کہ پاکستان اور روس کے مابین رابطہ اور مشاورت کا عمل جاری رکھا جائے۔

صدر داؤد نے ملک میں مساجد کی تعمیر ممنوع قرار دے دی

جمہوریہ افغانستان کے ساتھ اسلامی کا لفظ پہلے ہی حذف کیا جا چکا ہے

افغان حکومت نے اسلام اور علماء دین کے خلاف مہم تیز کر دی

پشاور — اے پی پی، افغانستان کے صدر داؤد نے حکم جاری کیا ہے کہ آئندہ ملک بھر میں اور خصوصاً جنوبی مغربی علاقوں میں کوئی نئی مسجد تعمیر نہ کی جائے ... سرحد پار سے موصول ہونے والی اطلاعات کے مطابق سردار داؤد نے علماء اور اسلام سے والہانہ محبت اور عقیدت رکھنے والوں کے خلاف مہم شروع کر رکھی ہے ... مساجد کی تعمیر کے اس امتناعی حکم کے خلاف ... افغان حکومت کے خلاف ...

... سازش قرار دیا جا رہا ہے ... آخری قطرہ بھی بہا دینے کے لیے تیار ہیں ... مستفسر کے سفر ناموں کو نصاب میں شامل کر لیا گیا

اسلام آباد — ... مستنصر حسین تارڑ کی دو کتابیں "نکلے تری تلاش میں" کو ... اسلام آباد یونیورسٹی کے نصاب میں شامل کر لیا ہے۔

... جمہوریہ افغانستان کے ساتھ اسلامی کا لفظ حذف کر دینے کا حکم جاری کر دیا ... جمہوریہ افغانستان کا یہ ...

شاہ فیصل کا تختہ الٹنے کی سازش

سعودی نیشنل گارڈز کے متعدد افسر گرفتار کر لیے گئے

بیروت — رائٹر، سعودی عرب میں شاہ فیصل کی حکومت کا تختہ الٹنے کی ایک سازش پکڑی گئی ہے جس کے نتیجے میں سعودی نیشنل گارڈز کے متعدد افسروں کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ بیروت کے اخبار النہار نے سازش کا انکشاف کرتے ہوئے بتایا ہے کہ سازش کے بعد شاہ فیصل نے عرب سربراہ کانفرنس میں شرکت کے لئے ... کر دیا ہے ... چھاپہ مار تنظیم ... شاہ فیصل ... ہو گئے تھے۔

روسی رہنماؤں نے پاکستان کا دورہ کرنے کی دعوت قبول کر لی

ماسکو — اے پی پی، وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو نے اپنے دورہ روس کے دوران وزیر اعظم کوسیجن، کمیونسٹ پارٹی کے سربراہ مسٹر بریژنیف اور صدر پدگورنی کو پاکستان آنے کی دعوت دی جسے روسی رہنماؤں نے شکریہ کے ساتھ منظور کر لیا۔ اس امر کا اعلان وزیر اعظم پاکستان کے دورہ روس کے اختتام پر مشترکہ اعلامیہ میں کیا گیا ہے ... دوروں کی تاریخیں بعد میں ... جاری کیا گیا۔

بحر ہند کی اقتصادی یونین کے قیام کی تجویز

تہران کی بین الاقوامی کانفرنس میں غور کیا جائے گا

اسلام آباد — اے پی پی، ایران میں بہت جلد ایک سربراہ یا وزرائے خارجہ کی کانفرنس منعقد ہو گی جس میں شہنشاہ ایران کی بحر ہند کے ممالک کی اقتصادی یونین بنانے کی تجویز پر غور ہو گا۔ امریکہ کے اخبار واشنگٹن سٹار کے مطابق شہنشاہ ایران نے حال ہی میں سنگاپور، آسٹریلیا، نیوزی لینڈ، انڈونیشیا اور بھارت کا دورہ کیا ہے۔ اس یونین کے قیام کی تجویز پہلے سے زیادہ توجہ دی گئی ہے اور شہنشاہ کی توقع سے زیادہ ...

سردار عبدالعلیم کو ریاستوں اور میاں عطاء اللہ کو ریلوے کا وزیر مملکت بنا دیا گیا

وفاقی وزرائے مملکت کی تعداد گیارہ ہو گئی، صدر مملکت نے حلف لیا

کراچی — اے پی پی، آج صبح دو نئے وفاقی وزرائے مملکت سردار عبدالعلیم اور میاں محمد عطاء اللہ نے گورنر ہاؤس میں حلف اٹھایا۔ صدر مملکت چوہدری فضل الٰہی نے نئے وزراء سے حلف لیا ... تقریب میں وزیر اعظم بھٹو اور دیگر وفاقی وزراء اور وزرائے مملکت موجود تھے۔ سردار عبدالعلیم ریاستوں اور سرحدی علاقوں کے محکموں کے انچارج ... عطاء اللہ کو ریلوے کا محکمہ سپرد کیا گیا ہے ... وزرائے مملکت کی تعداد اب گیارہ ہو گئی ہے جو وفاقی وزراء کی تعداد کے برابر ہے۔

شہر کا ایک خوب صورت
مشرقی ریسٹورانٹ
جو
حلال گوشت سے تیار شدہ
... کھانے ...
البینگال ڈنر
(نئی منیجمنٹ کے تحت)
12345 YONGE STREET, TORONTO
922-1004

افغانستان اور بھارت میں فوجی تعاون پر بات چیت

افغان فوجی وفد نئی دہلی پہنچ گیا

پشاور — اے پی پی، ریڈیو کابل کے ایک نشریہ کے مطابق افغانستان کا ایک فوجی وفد افغان چیف آف جنرل سٹاف جنرل عبدالکریم مستغنی کی قیادت میں بھارت کی وزارت دفاع کی دعوت پر آج شام کابل سے نئی دہلی روانہ ہو گیا۔ ریڈیو کابل نے فوجی وفد کی بھارت روانگی کے اغراض و مقاصد پر کوئی روشنی نہیں ڈالی تاہم امکان ہے کہ افغان وفد بھارتی حکام سے باہمی فوجی تعاون بڑھانے پر بات چیت کرے گا۔ خیال ہے کہ پاکستان کی اطلاعات کے مطابق حال ہی میں بڑی تعداد میں افغانیوں کو تخریب کاری کی تربیت دے کر پاکستان میں داخل ہونے ... کی ...

بھارتی ... نئی دہلی — رائٹر ... بھارت کے ... ریاست کی تیاری ...

وطن عزیز جاتے ہوئے

اگر آپ اپنے ساتھ ۲۲۰ وولٹ کے ریفریجریٹر، ایئر کنڈیشنر، واشنگ مشین، ٹی۔ وی اور دوسرا برقی سامان پاکستان لے جانا چاہتے ہیں تو ہم آپ کی خدمت کے لیے تیار ہیں۔
یورپ سے براہ راست پاکستان تک آٹھ تا دس ہفتوں میں سامان پہنچانے کا مکمل بندوبست ہے۔
اسٹاک ختم ہونے سے پہلے پہلے
ہم سے ربط قائم کیجیئے!

NOW YOU DON'T HAVE TO WORRY FOR YOUR SHIPMENT OF 220 VOLT 50 CYCLE APPLIANCES SUCH AS;
REFRIGERATORS OF G.E.C., KELVINATOR, INDESIT, PHILCO ETC., AND
T.V.'S OF PHILLIPS etc.
AIR CONDITIONERS,
WASHING MACHINES ETC.
DIRECTLY FROM EUROPE TO PAKISTAN.
WE HAVE MADE SPECIAL ARRANGEMENTS FOR DIRECT SHIPMENT AND ... WITHIN 8 TO 10 WEEKS.
SO PAKISTANIS GOING HOME HURRY UP WHILE THE STOCKS LAST.

CONTACT: I. A. RASHEED
TEL: (416) 677-5777



I. A. RASHEED & CO. LTD.
7535 CATALPA ROAD
MALTON (TORONTO), ONTARIO
CANADA

باطل قوتیں تحریک اسلامی کا راستہ نہیں روک سکتیں

امریکہ و یورپ کے مسلمان نوجوان مغربی تہذیب کے سیلاب میں بہنے کو تیار نہیں

پاکستان کے حکمرانوں نے ہمیشہ اسلام کے برعکس راستہ اختیار کیا ہے، میاں طفیل محمد

[illegible]

شیخ مجیب کا دورہ کویت

[illegible]

امریکہ پاکستان کی اقتصادی اور غذائی ضروریات پر ہمدردی سے غور کرے گا

ڈاکٹر کسنجر کے دورہ پاکستان کے اختتام پر مشترکہ اعلامیہ جاری کر دیا گیا

راولپنڈی — [illegible]

مولانا مظہر علی اظہر انتقال کر گئے

لاہور — [illegible]

رومانیہ پاکستان سے جہاز خریدے گا

کراچی — [illegible]

پاکستانی ہاکی ٹیم کا مستقبل بھارتی ہاکی ٹیم سے درخشاں ہے

لاہور — [illegible]

Qualifying residents 65 or older should now have at least $2700 a year.

This is what Ontario is doing to guarantee that income.

آپ کی حکومت اونٹاریو احساسات پر یقین رکھتی ہے کہ سب بزرگ شہریوں کو ۲٫۷۰۰ ڈالر سالانہ کی کم سے کم آمدنی کی ضمانت ہونی چاہئے۔ اور اگر میاں بیوی دونوں ہی ہیں تو ان کے لئے ۵٫۴۰۰ ڈالر سالانہ۔
پس اگر آپ ۶۵ سال یا اس سے زائد عمر کے ہیں اور آپ کی سالانہ آمدنی ۲٫۷۰۰ ڈالر سے کم ہے اور پچھلے پانچ سال سے کینیڈا میں اور پچھلے ایک برس سے اونٹاریو میں رہ رہے ہیں تو آپ GAINS کے اہل ہیں
(GUARANTEED ANNUAL INCOME SYSTEM) GAINS
GAINS اونٹاریو کی سالانہ ضمانت آمدنی کا سسٹم ہے۔ اس کا مقصد آپ کی دوسرے ذرائع سے ہونے والی آمدنی کا فرق پورا کر کے سالانہ ۲٫۷۰۰ ڈالر کی آمدنی کی ضمانت دی جاتی ہے۔

اب ۲۶۰٫۰۰۰ بزرگ شہری اس پروگرام سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ اگر آپ اولڈ ایج سیکیورٹی اور گارنٹیڈ انکم سپلیمنٹ حاصل کرتے ہیں تو اونٹاریو GAINS کے خود بخود حقدار قرار دیئے جائیں گے۔ آپ کو درخواست دینے کی ضرورت نہیں ہے۔

اگر آپ GAINS نہیں حاصل کر رہے ہیں لیکن اپنے آپ کو اس کا حقدار سمجھتے ہیں تو براہ مہربانی ہمیں فون کیجئے
نابینا اور اپاہج لوگ جو اب اونٹاریو کے BENEFITS پروگرام کے تحت امداد حاصل کر رہے ہیں وہ بھی GAINS حاصل کرنے کا حق رکھتے ہیں۔

کوئی سوال ہے؟ ہمیں اونٹاریو میں کہیں سے بھی مفت فون کیجئے "0" ڈائل کر کے آپریٹر سے ZENITH-8-2000 کے بارے میں پوچھئے۔ میٹرو ٹورنٹو کے مقامی فون کے علاقے میں 965-8470 پر ڈائل کیجئے۔

Guaranteed Annual Income System
Ministry of Revenue
Arthur Meen, Minister

Government of Ontario
William Davis, Premier

ٹورانٹو اک شہر ہے عالم میں بے مثال
اس عشرت چمن میں خوشی ہیں بالکل
ان کی مدد سے آپ کو مل جائیگا مکاں
جس آشیانہ خوشیوں میں ہوگا بڑھے گا مال
مکانات کے علاوہ کمرشل اور انڈسٹریل جائیداد
خرید و فروخت کے لیے بھی یاد رکھیں،
ایچ کیتھ لمیٹڈ ریلٹر اور سلطان قریشی





SULTAN QURESHI
MILLION DOLLAR
ACHIEVEMENT AWARD

H. Keith Limited · Realtor
5302 Dundas St. W., Islington, Ontario
Office: 239-3581 Res: 676-9377

بلوچستان کے عوام باقی تین صوبوں کے بارے میں بدظن ہوتے جا رہے ہیں

حکومت نے غداری کے الزامات لگا کر انہیں متنفر کر دیا ہے، مفتی محمود

شہور مغنیہ بیگم اختر انتقال کر گئیں

سوات میں سکھ خاندان کی آبادکاری

پاکستان اور روس میں خود غرض قوتوں کے پیدا کردہ شکوک دور ہو گئے ہیں

دو طرفہ تعلقات کا اصول پاکستان کی خارجہ پالیسی کی بنیاد بن گیا ہے، روسی اخبارات کے تبصرے

ڈھاکہ کی سڑکوں پر روزانہ تیس چالیس انسان بھوک سے دم توڑ دیتے ہیں

بلدیہ کے کارکن چھکڑے میں نعشیں اکٹھی کر کے ٹھکانے لگا دیتے ہیں

رنگ پور میں قحط کی صورت حال بڑی سنگین ہے

اندرا گاندھی نے جے پرکاش نارائن کی تحریک کو کچلنے کا فیصلہ کر لیا

پنجاب کا صوبہ بہت اہم ہونے کی وجہ سے مجھے بے حد عزیز ہے

آئندہ ہر ماہ صوبے کے ایک ڈویژن کا دورہ کیا کروں گا، لاہور پہنچنے پر وزیر اعظم کا بیان

لاہور پہنچنے پر وزیر اعظم کا پرجوش استقبال کیا گیا

مینار پاکستان اور شاہی قلعہ کے آس پاس ہزاروں افراد استقبال کیلئے موجود تھے

قدرت اللہ شہاب کو یونیسکو کی جنرل کانفرنس کا نائب صدر منتخب کر لیا گیا

کرکٹ کے سابق ٹیسٹ کھلاڑیوں کی امداد کے لیے

مضبوط پاکستان ایران کے لئے زیادہ اہم ہے

PHILIPS

پاکستان
میں
زندگی کی آرائشوں سے لطف اندوز ہونے کے لیئے ہماری خدمات حاصل کریں
ہم فلپس، پائی اور گرنڈگ جیسی اعلیٰ معیاری کمپنیوں کا سامان بجلی
مثلاً ۲۲۰ وولٹ کے ریفریجریٹر، ٹی وی، ریڈیو، ٹیپ ریکارڈر
ہیر ڈرائیر وغیرہ یورپ سے براہ راست پاکستان بھجواتے ہیں۔
پاکستان میں گارنٹی بھی کارآمد ہے اور سروس کا بھی انتظام ہے۔
مزید تفصیلات کے لیئے ہمیں لکھئے یا فون کیجئے۔

PYE

AAlice International
Unique Trade & Commerce
P. O. BOX 388 STATION 'J'
TORONTO M4J 4Y8
ONTARIO—CANADA
Phone: 459-0820

GRUNDIG

پندرہ روزہ
کریسنٹ
ٹورانٹو (کینیڈا)

اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ
سنو! کہ جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے (القرآن)

• شہنشاہ ایران کی اپیل

شہنشاہ ایران نے دنیا بھر کے مسلمانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے سامراج کی مخالفت کے لئے متحد ہو جائیں اور مصائب کے سامنے سیسہ پلائی دیوار بن جائیں، نیز اپنے تمام اختلافات بہر صورت ختم کر دیں۔ انہوں نے یہ باتیں اسلامی ممالک کے سفارتی نمائندوں کے ساتھ ایک ملاقات میں کہیں اس کے جواب میں کویت کے سفیر نے بھی شہنشاہ ایران سے توقع ظاہر کی کہ وہ سیاسی اقدامات کے ذریعہ مشرق وسطیٰ میں مسلمانوں کے مقبوضہ علاقوں کو خالی کرانے میں مدد دیں گے۔

ایران ایک ترقی یافتہ ملک ہے۔ شہنشاہ ایران کی قیادت میں یہ ملک اقتصادی و معاشرتی ترقی کی کئی منزلیں طے کر چکا ہے۔ بلاشبہ اس ترقی نے ایران کی سیاسی حیثیت کو نکھارا ہی نہیں اسے مستحکم بھی کیا ہے اور وہ اب بین الاقوامی سیاست میں ایک موثر کردار ادا کر رہا ہے۔ ایران کے پاکستان کے ساتھ تعلقات اور خود شہنشاہ ایران کی اس ملک اور عوام کے لئے محبت کسی شک و شبہ سے بالا تر ہے۔ ایران پاکستان کی ہر نازک وقت پر مدد کرتا رہا ہے۔ بلاشبہ یہ دونوں ملکوں کے صدیوں کے تاریخی تعلقات کا نتیجہ ہے اور یہ گہرے تعلقات مسلم قومیت کے ہی رہین منت ہے۔ مطلب یہ ہے کہ ایران اور پاکستان کے باہمی برادرانہ تعلقات اسلام کے رہین منت ہے۔ اور اسلام کی نسبت سے ایران کے دوسرے مسلم ممالک کے ساتھ تعلقات بھی اتنے ہی برادرانہ ہونے چاہئیں۔ لیکن یہ ایک افسوسناک حقیقت ہے کہ ماضی میں ایسی غلط فہمیاں پیدا ہو گئی تھیں کہ بعض عرب ممالک ایران سے شاکی تھے شط العرب کے مسئلہ پر تو ایران اور عراق میں اکثر فوجی جھڑپیں بھی ہوتی رہتی ہیں، ایران سنٹو کا رکن ہے وہ عرب ممالک جو صدر ناصر کے فلسفہ سیاست کے قائل تھے اس پر ایران سے نالاں رہتے ہیں قریباً پاکستان کے ساتھ بھی ان ممالک کا رویہ ایسا ہی تھا لیکن وقت نے بعض تبدیلیاں پیدا کر دیں اور پاکستان کے اب سب مسلم ممالک کے ساتھ برادرانہ تعلقات قائم ہیں سوائے افغانستان کے جو عام سفارتی آداب کو بالائے طاق رکھتے ہوئے پاکستان کے بعض علاقوں کو ہڑپ کرنا چاہتا ہے۔ بہرکیف مجموعی طور پر مسلم ممالک کے مابین ایک وسیع تر مفاہمت اور تعاون کا جذبہ پیدا ہو چکا ہے۔ اس مرحلہ پر شہنشاہ ایران کی جانب سے مذکورہ اپیل بڑی خوش کن ہے۔ اور یہ امر واضح ہے کہ مسلم ممالک اپنے مفادات کا تحفظ باہمی اتحاد سے ہی کر سکتے ہیں اور اس کے لئے ضروری ہے جو معمولی اختلافات موجود ہیں انہیں ہر صورت میں ختم کر دیا جائے۔ ادھر کویت کے سفیر کا یہ تاثر بھی درست ہے کہ ایران سفارتی سطح پر مشرق وسطیٰ کے مقبوضہ مسلم علاقوں کی آزادی کے ضمن میں موثر کردار ادا کر سکتا ہے شہنشاہ ایران نے پہلی مرتبہ کھل کر مسلمانوں کے مابین اتحاد کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ اور ہمارے خیال میں وہ اس ضمن میں اپنی ذمہ داریوں سے یقیناً عہدہ برا ہوں گے۔

یہ زمین کو آج تک بات گوارا نہ ہوئی
تجھے دل کا کرنی تھی یہ صدیوں کی بات!
قوم کے ہاتھ سے جاتا ہے متاع کردار
بحث میں آتا ہے جب فلسفۂ ذات و صفات
گرم ہو جاتی ہے کیا دیرینہ و دستور قدیم
رونق میکدہ و ساقی و مینا و ثبات!
(ضرب کلیم)

اسلامی ممالک اور ان کی آبادی

اعداد و شمار کی رو سے اسلامی ممالک اکیاون ہیں
نائیجیریا افریقہ کا سب سے بڑا ملک ہے

مغرب نے مسلمانوں کو اس حد تک بے پناہ قوت سے بے خبر رکھنے کی بھرپور سازش کی کہ مسلمانوں کی تعداد کو کم ظاہر کیا گیا۔ مسلمان ممالک کی تعداد کو کم بتایا گیا۔ مسلمان ملک سے مراد ایسا ملک ہے جہاں کی آبادی پچاس فیصد سے زیادہ مسلمان ہوں۔ مغرب کی اس سازش کا مقصد یہ تھا کہ مسلمان اپنی طاقت سے آگاہ نہ ہوں۔ اس وقت اسلامی سیکرٹریٹ کے رکن ممالک کی تعداد ۳۹ ہے۔ عام طور پر یہی خیال کیا جاتا ہے کہ اسلامی ممالک کی تعداد انتیس ہے مگر اعداد و شمار کی رو سے اسلامی ممالک کی تعداد اکیاون ہے۔ جن ملکوں کے نام اور مختصر کوائف پیش کرتے ہیں ان میں پہلے اسلامی سیکرٹریٹ کے ممبر ملکوں کا ذکر ہوگا۔

حکیم آفتاب احمد قریشی

۱۔ افغانستان: اس کا صدر مقام کابل، کل آبادی ایک کروڑ ستر لاکھ پچاس ہزار ہے جس میں ننانوے فیصد مسلمان ہیں۔ جنرل سردار محمد داؤد سربراہ مملکت ہیں۔

۲۔ الجیریا: صدر مقام الجزائر، آبادی ایک کروڑ ساٹھ لاکھ ہے جس میں سے ایک کروڑ چالیس لاکھ چالیس ہزار مسلمان ہیں۔ مسلمانوں کی تعداد ۹۸ فیصد ہے۔ کرنل بومدین سربراہ مملکت ہیں۔

(۳) بحرین: صدر مقام منامہ ہے، آبادی دو لاکھ بیس ہزار ہے۔ ننانوے فیصد مسلمان ہیں۔ حضرت شیخ عیسیٰ بن سلمان الخلیفہ سربراہ مملکت ہیں۔

(۴) چاڈ: افریقی ریاست ہے۔ اس کا صدر مقام فورٹ لامی ہے۔ آبادی چالیس لاکھ ہے جس میں پچاس فیصد سے زیادہ مسلمان ہیں۔ فرانکوئس ٹمبل بائے صدر ریاست ہیں۔

۵۔ بنگلہ دیش: صدر مقام ڈھاکہ ہے۔ آبادی سات کروڑ پچاس لاکھ ہے جس میں ستاسی فیصد مسلمان ہیں۔

۶۔ کیمرون: صدر مقام یاؤنڈے ہے۔ آبادی اٹھاون لاکھ دس ہزار ہے۔ جس میں پچپن فیصد مسلمان ہیں۔ حضرت احمدو اہیجو سربراہ مملکت ہیں۔

۷۔ مصر: صدر مقام قاہرہ، آبادی تین کروڑ ساٹھ لاکھ ہے جس میں سے اکانوے فیصد مسلمان ہیں۔ انور السادات صدر مملکت ہیں۔

(۸) گیمبیا: صدر مقام باتھرسٹ، آبادی چار لاکھ ہے۔ جس میں چوراسی فیصد مسلمان ہیں۔ صدر ریاست حضرت کے جوارا ہیں۔

(۹) گنی: کا صدر مقام کناکری ہے۔ آبادی اکتالیس لاکھ دس ہزار ہے۔ جس میں سے پچاسی فیصد مسلمان ہیں۔ احمد سیکوتورے سربراہ مملکت ہیں۔

۱۰۔ انڈونیشیا: صدر مقام جکارتہ ہے۔ تیرہ کروڑ بیس لاکھ کی آبادی ہے۔ مسلمانوں کی تعداد چورانوے فیصد ہے۔ جنرل سہارتو صدر مملکت ہیں۔

۱۱۔ ایران: صدر مقام طہران اور آبادی تین کروڑ چودہ لاکھ ہے۔ ننانوے فیصد مسلمان ہیں۔ شہنشاہ اریامہر محمد رضا شاہ پہلوی سربراہ مملکت ہیں۔

۱۲۔ مشرقی اردن (ہاشمی): آبادی چھبیس لاکھ ہے۔ جس میں سے اکانوے فیصد مسلمان ہیں۔ صدر مقام عمان ہے۔ شاہ حسین سربراہ مملکت ہیں۔

۱۳۔ کویت: آبادی نو لاکھ ہے۔ ننانوے فیصد مسلمان ہیں۔ صدر مقام کویت ہے۔ حضرت شیخ صباح السالم سربراہ ہیں۔

(۱۴) لبنان: آبادی تیس لاکھ، صدر مقام بیروت۔ مسلمان ساٹھ فیصد ہیں۔ صدر ریاست سلیمان فرنجیہ ہیں۔

(۱۵) لیبیا: صدر مقام طرابلس (طرابلس) ہے، صدر ریاست کرنل قذافی ہیں اور آبادی اکیس لاکھ ہے جس میں سے چھیانوے فیصد مسلمان ہیں۔

(۱۶) ملائیشیا: کا صدر مقام کوالالمپور ہے۔ آبادی ایک کروڑ تیرہ لاکھ ہے۔ جس میں سے اکاون فیصد مسلمان ہیں۔ تنکو عبدالرزاق وزیراعظم ہیں۔

(۱۷) مالی: کا صدر مقام باماکو ہے۔ آبادی پچاس لاکھ ہے جس میں سے نوے فیصد مسلمان ہیں۔ کرنل موسیٰ تراورے صدر ریاست ہیں۔

(۱۸) موریطانیہ: صدر مقام نواکشوٹ۔ آبادی بارہ لاکھ ہے۔ سو فیصد مسلمان ہیں۔ مختار ولد داداہ صدر ریاست ہیں۔

(۱۹) مراکش: صدر مقام رباط ہے۔ آبادی ایک کروڑ ستر لاکھ ہے جس میں پچانوے فیصد مسلمان ہیں۔ شاہ حسن ثانی سربراہ مملکت ہیں۔

(۲۰) نائیجر: صدر مقام نیامی ہے۔ آبادی تینتالیس لاکھ ہے۔ نوے فیصد مسلمان ہیں۔

(۲۱) اومان: کا صدر مقام مسقط ہے۔ آبادی سات لاکھ پچاس ہزار ہے جس میں سے ننانوے فیصد مسلمان ہیں۔ سلطان قابوس بن سعید سربراہ مملکت ہیں۔

(۲۲) پاکستان: کا صدر مقام اسلام آباد ہے۔ صدر ریاست چوہدری فضل الٰہی ہیں۔ ستانوے فیصد مسلمان ہیں۔

(۲۳) قطر: کا صدر مقام دوحہ ہے۔ ننانوے فیصد مسلمان ہیں۔

(۲۴) سعودی عرب: کا صدر مقام ریاض، آبادی ایک کروڑ سے زیادہ۔ سو فیصد مسلمان ہیں۔ شاہ فیصل سربراہ مملکت ہیں۔

(۲۵) سینیگال: صدر مقام ڈاکار ہے۔ آبادی اکتالیس لاکھ ہے۔ پچاسی فیصد مسلمان ہیں۔ لیو پولڈ سینگور صدر ریاست ہیں۔

(۲۶) سیرالیون: کا صدر مقام فری ٹاؤن ہے۔ آبادی اٹھائیس لاکھ ہے جس میں پچہتر فیصد مسلمان ہیں۔ ڈاکٹر سیاکا سٹیونز صدر ریاست ہیں۔

(۲۷) صومالیہ: کا صدر مقام موگادیشو ہے۔ آبادی تیس لاکھ ہے۔ اٹھانوے فیصد مسلمان ہیں۔ میجر جنرل محمد سیاد بری صدر ریاست ہیں۔

(۲۸) جنوبی یمن: صدر مقام مدینۃ الشعب۔ آبادی چودہ لاکھ، حضرت سالم ربیع علی سربراہ مملکت ہیں۔ ۹۰ فیصد مسلمان ہیں۔

(۲۹) سوڈان: کا صدر مقام خرطوم۔ آبادی ایک کروڑ ستر لاکھ ہے۔ پچاسی فیصد مسلمان ہیں۔ جنرل نمیری صدر ریاست ہیں۔

(۳۰) شام: کا صدر مقام دمشق ہے۔ آبادی چھیاسٹھ لاکھ ہے جس میں اسی فیصد مسلمان ہیں۔ صدر ریاست حافظ الاسد ہیں۔

(۳۱) ترکی: صدر مقام انقرہ، آبادی تین کروڑ ستر لاکھ ہے (ننانوے فیصد) مسلمان ہیں۔ صدر ریاست فخری کورو ترک ہیں۔

(۳۲) متحدہ عرب امارات: کی امارت۔ اس کا صدر مقام ابوظہبی ہے۔ شیخ زاید بن سلطان النہیان سربراہ مملکت ہیں۔ ننانوے فیصد مسلمان ہیں۔

(۳۳) یمن: کا صدر مقام صنعاء۔ آبادی ساٹھ لاکھ ساٹھ ہزار ہے جس میں سے ننانوے فیصد مسلمان ہیں۔

(۳۴) تیونس: آبادی چھپن لاکھ ہے۔ صدر مقام تیونس ہے صدر ریاست حبیب بورقیبہ ہیں۔ اسلامی سیکرٹریٹ کے دو رکن ملک ہیں یوگنڈا اور گیبون جن کے سربراہ جنرل عدی امین ہیں۔ جن کے صدر حضرت آنکیب عمر بونگو ہیں جو حال ہی میں مسلمان ہوئے ہیں۔ گبون کو یہ سعادت حال ہی میں نصیب ہوئی ہے اس طرح اسلامی سیکرٹریٹ کے رکن ممالک کی تعداد سینتیس ہے۔ یوگنڈا اور گیبون میں مسلمان اکثریت میں نہیں ہیں۔ مگر یہ ملک اسلامی سیکرٹریٹ میں شامل ہیں۔ اس لئے اسلامی ممالک میں شمار کیا گیا ہے۔

بارہ اسلامی ممالک جو سیکرٹریٹ کے رکن نہیں ہیں

(۱) البانیہ: کا صدر مقام ترانہ، آبادی تیس لاکھ ہے۔ یہاں ہزہا انور ہوجا کی صدر ریاست ہیں۔ ستر فیصدی مسلمان ہیں۔ یہ کمیونسٹ ریاست یورپ میں ہے۔

(۲) آزاد کشمیر: آبادی بیس لاکھ سو فیصدی مسلمان ہیں۔ صدر مقام مظفر آباد ہے۔ سردار عبدالقیوم صدر ریاست ہیں۔

(۳) سینیگال عرب ری پبلک: صدر مقام .... ہے آبادی ستر لاکھ ہے پچپن فیصدی مسلمان ہیں۔ کرنل جان بیڈل بوکاسا صدر ریاست ہیں۔

(۴) ایتھوپیا: کا صدر مقام عدیس ابابا ہے۔ آبادی دو کروڑ چھیاسٹھ لاکھ ہے۔ پچپن فیصدی مسلمان ہیں۔

(۵) عراق کی آبادی ایک کروڑ ہے۔ صدر مقام بغداد ہے پچانوے فیصدی مسلمان ہیں۔ جنرل احمد حسن البکر سربراہ مملکت ہیں۔

مسلمان ملک سے مراد
ایسا ملک ہے جس کی
آبادی میں
پچاس فی صد سے
زیادہ مسلمان ہیں

(۶) آئیوری کوسٹ: کا صدر مقام ابیدجان ہے۔ آبادی پینتالیس لاکھ دس ہزار ہے۔ پچپن فیصدی مسلمان ہیں۔ ہوفوئے بوانیے صدر ریاست ہیں۔

(۷) داہومی: کا صدر مقام پورٹو نوو ہے۔ آبادی تیس لاکھ۔ صدر ریاست لیفٹیننٹ کرنل متھیو کریکو ہیں۔ پچاس فیصدی مسلمان ہیں۔

(۸) جزائر مالدیپ: صدر مقام مالے ہے۔ آبادی ایک لاکھ بیس ہزار۔ سو فیصدی مسلمان ہیں۔ ابراہیم ناصر سربراہ مملکت ہیں۔

(۹) نائیجیریا: افریقہ کا سب سے بڑا ملک ہے۔ آبادی پانچ کروڑ اٹھانوے لاکھ ہے۔ پچہتر فیصدی مسلمان ہیں۔ کرنل یعقوب گوون سربراہ مملکت ہیں۔

(۱۰) تنزانیہ: کا صدر مقام دارالسلام ہے۔ آبادی ایک کروڑ بیالیس لاکھ ہے۔ پچپن فیصدی مسلمان ہیں۔

(۱۱) ٹوگو: کا صدر مقام لومے ہے۔ آبادی بیس لاکھ ہے۔ پچپن فیصدی مسلمان ہیں۔

(۱۲) اپر وولٹا: صدر مقام واگا ڈوگو۔ آبادی پچپن لاکھ ہے پچپن فیصدی مسلمان ہیں۔ جنرل سانگولے لامیزانا سربراہ مملکت ہیں۔

(نوٹ) ان ممالک کے علاوہ روس کی چھ ریاستیں ایسی ہیں جہاں مسلمان اکثریت میں ہیں۔ ازبکستان، تاجکستان، ترکمانستان، کرغیزیا وغیرہ کو بھی اکثریت ہے۔

زر بصیرت

میاں عبدالرشید

تعظیم

حضرت پیران پیر سید عبدالقادر جیلانی نے فرمایا:

• جس قدر تو اللہ تعالیٰ کی تعظیم کرے گا، اسی قدر مخلوق تیری تعظیم کرے گی، جتنی تو اللہ تعالیٰ سے محبت کرے گا، اتنی ہی مخلوق تجھ سے محبت کرے گی جس قدر تو اللہ تعالیٰ سے خوف کرے گا، اتنا ہی لوگ تیرا اعزاز کریں گے۔ جس قدر تو اللہ کے قریب ہوگا، اسی قدر مخلوق تجھ سے قریب ہوگی۔ جس قدر تو اللہ تعالیٰ کی خدمت کرے گا، اسی قدر تیری خدمت ہوگی۔

• اسلام ظاہر ہے اور ایمان کی اندرونی قوت ہے۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ کی معرفت ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ کے ساتھ قائم رہنا ہے جس کا وجود اللہ تعالیٰ کے ساتھ قائم ہے وہی اصل معنوں میں وجود رکھتا ہے۔

• زاہد وہ ہے جو حلال روزی میں سے اپنی ضرورت کے مطابق کم لذت لے کر اپنے ارادے میں زہد کر تاکہ تو اللہ تعالیٰ کے ارادے کے ساتھ کامیاب پائے۔ محبت کی شرط اپنے ارادے کو ترک ہے۔ جب تو اس حال میں ہو جائے گا، پھر تیری آنکھیں کھلیں گی، کان سنیں گے، زبان بولے گی۔ پھر اللہ تعالیٰ کا لطف و کرم آئے گا۔ اور تجھے وہاں اسرار کے پھل اور جواہرات حاصل ہوں گے۔ اس راستے میں "میں" اور "ہم" نہیں۔ فقط تو ہی تو ہے۔ جب قلب حق تعالیٰ کا عادی ہو جائے تو بہت دیر ہو جاتا ہے۔

• مشکلات اللہ تعالیٰ کا چابک ہیں جن سے تجھے ادب سکھایا جاتا ہے۔ الحق! اس کی محبت کا دعویٰ کرتا ہے اور اس کی طرف سے آئی ہوئی تکلیفوں سے بھاگتا ہے تو اللہ والوں میں سے نہیں۔ تو مخلوق کا بندہ ہے۔ اپنے نفس کا بندہ ہے، جنت اور شہوت کا بندہ ہے۔ اللہ والے مصائب کا مقابلہ صبر اور مستقل مزاجی سے کرتے ہیں اور فتنوں کے وقت شکر اور طاعت سے کام لیتے ہیں۔

حرص کے ساتھ کھانا دل کو سخت، بطن کو سیاہ اور ذہانت کو دور کر دیتا ہے اس سے نیند اور غفلت بڑھتی ہے۔ حرص کے قیدی! اپنے انجام سے جاہل اور بے پروا! اپنے نفع و نقصان اور مخلوق و خالق سے بے خبر! اگر یوں نہیں سمجھتا تو موت کو یاد کر کے سمجھ۔ کیونکہ موت کا ذکر ہر ایک بھلائی اور سلامتی کی کلید ہے۔ اگر تو موت کو یاد رکھے گا، تو فضول کاموں سے رک جائے گا۔ جب حرص کم ہو گی، تو اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرے گا اور اپنے سب کام اسی کے سپرد کر دے گا۔ بیٹا! مخلوق کے احسان کا دروازہ بند کر دے تو اللہ تم پر احسان کا دروازہ کھول دے گا۔

حدیث نبوی

ابوہریرہؓ سے روایت ہے حضور نبی کریم صلعم نے فرمایا بدگمانی سے بچنے اس لیے کہ بدگمانی بہت جھوٹی بات ہے کسی کا حال معلوم کرنے کی کوشش نہ کرو جاسوسی نہ کرو قیمت بڑھانے کے لیے بولی نہ دو آپس میں حسد نہ کرو آپس میں بغض نہ رکھو آپس میں غیبت نہ کرو اور اے خدا کے بندو بھائی بھائی بن جاؤ۔

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

جلد ۳ شمارہ ۱۱ — کرسنیٹ — پندرہ روزہ — ٹورونٹو کینیڈا

چین کشمیری عوام کو حق خود ارادی دلانے کی جد و جہد کی حمایت جاری رکھے گا

پاکستان کی علاقائی سالمیت کی بھی بھرپور حمایت کی جائے گی

دونوں ملکوں کی دوستی کے رشتے اور مضبوط ہوں گے: چینی وفد کے قائد کی تقریر

تہران میں شہنشاہ ایران وزیر اعظم پاکستان ذوالفقار علی بھٹو کا استقبال کر رہے ہیں

شہنشاہ ایران کے ساتھ باہمی مفاد کے بنیادی مسائل پر بات چیت بے حد کامیاب رہی

بحر ہند سے متعلق ایران کی تجویز زیر بحث نہیں آئی

پاکستان امریکی وزیر خارجہ کے ساتھ بات چیت سے مطمئن ہے

جنوبی ایشیا کے مسائل اور باہمی تعلقات پر تبادلہ خیال ہوا

مذاکرات دو گھنٹے جاری رہے، کسنجر آج کابل روانہ ہو رہے ہیں

ریڈیو اور ٹیلی ویژن کے تمام پرزے اندرون ملک تیار کیے جائیں گے

خوشاب اور کیمبلپور میں ایلومینیا کے بھاری ذخائر دریافت ہوئے ہیں: حفیظ اللہ چیمہ

پاکستان کے زر مبادلہ کے ذخائر ۲۳ کروڑ ڈالر رہ گئے

مجموعی طور پر موجودہ حکومت کے دور میں ملک نے ترقی کی ہے: پروگریسیو سائنس مونیٹر

میرے دورے سے پاکستان اور امریکہ کے دوستانہ تعلقات اور مضبوط ہوں گے

میں اپنے شاندار استقبال پر وزیر اعظم بھٹو کا شکر گزار ہوں

امریکی وزیر خارجہ کا اسلام آباد سے روانگی کے وقت بیان

SUBSCRIPTION FOR ONE YEAR $6.00
FOR TWO YEARS $10.00
SEND CHEQUES TO:

The Crescent
P. O. Box 296, Station 'H'
Toronto, Ont. M4C 1L0
Canada

Telephone (416) 690-1590

NAME

ADDRESS

Postal Code

U.S. cheques please include an additional 25¢ to cover service charges.

PHONE #